© rasailojaraid.com



# ایک ضروری اعلان

کچھ عرصہ سے ماہانہ "برہان" دہلی وقت پر شائع نہ ہوسکا۔ ایک مہینہ اور کبھی ڈیڑھ مہینہ تاخیر سے شائع ہوتا رہا ہے۔ اس تعوق کی وجہ لیتھو پریس کی کمی ہے۔ آفسیٹ کے آگے لیتھو پریس اکثر ختم ہو چکے ہیں اور جو باقی ہیں ان پر کام کی اس قدر زیادتی ہے کہ وہ 'برہان' وقت پر چھاپ کر کے نہ دے سکے۔ کچھ دفتری مصروفیات کی زیادتی بھی اس کی ذمہ دار ہے۔ دفتری کارکنان اس کمی کو دور کرنے کی تگ و دو میں لگے ہوئے ہیں۔ 'برہان' کو آفسیٹ پر بھی لکالنے اور شائع کرنے کا خیال ہے۔ لیکن فی الحال زیرِ نظر شمارہ ہم تعوق کو دور کرنے کے نقطۂ نظر سے ماہ جنوری اور ماہ فروری ۱۹۹۱ء کا مشترکہ چھاپ رہے ہیں۔ لہٰذا زیرِ نظر 'برہان' کے نظرات بھی ماہ جنوری کے ساتھ ماہ فروری ۹۱ء کے بھی سمجھ کر مطالعہ فرمائیں۔

حضرت قبلہ ابا جان مفتی عتیق الرحمان عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو کبھی پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا لیکن اس وقت نامساعد حالات میں سخت مجبوری کی وجہ سے نہ چاہتے ہوئے بھی یہ کرنا پڑا۔ جس کے لیے ادارہ معذرت خواہ ہے۔

انشاء اللہ آئندہ 'برہان' ماہ بر ماہ پابندی سے شائع ہو کر ناظرین کرام کی خدمت میں پہنچتا رہے گا۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com